زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

جنوری تا مارچ 2024ء

رسول کریم ﷺ
بحیثیت منصف اعظم

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کی زندگی کے چند ایمان افروز واقعات

رمضان کا مبارک مہینہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی عَبْدِهِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

ایل۔ایس:1161

تاریخ: 2.5.2024

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی طرف سے رسالہ " زینب " شمارہ ماہ اکتوبر تا دسمبر 2023 موصول ہوا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

رسالہ میں اردو اور نارویجن دونوں زبانوں میں معیاری مضامین شامل کئے گئے ہیں۔ ان میں دینی علمی معلومات، لجنہ اماء اللہ کی نئی صدی میں اہم ذمہ داریاں، سیرتِ مبارکہ خواتین خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور ان کے حالاتِ زندگی شامل اشاعت ہیں۔ دعا ہے خلاصہ خطبہ جمعہ، واقفات اور واقفین کی کلاس کے سوال و جواب نیز ناصرات کارنر میں تعلیمی اور تربیتی مضامین سے سب لجنہ اور ناصرات فیضیاب ہوں گی۔

اللہ تعالیٰ شعبہ اشاعت کی محنت سے کی گئی کاوش کو قبول فرمائے اور ترقیات عطا فرمائے۔ آمین

تمام لجنہ و ناصرات کو میرا محبت بھرا سلام پہنچادیں۔

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

فہرست مضامین

اداریہ	۲
القرآن الکریم	۳
پاکیزہ منظوم کلام حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام	۴
خلاصہ خطبہ جمعہ	۵
رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بحیثیت منصفِ اعظم	۷
حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے چند ایمان افروز واقعات	۹
تنظیم لجنہ اماءاللہ	۱۱
رمضان کا مبارک مہینہ	۱۲
عیدالفطر	۱۵
حضرت سیّدہ سرور سلطان صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	۱۶
صحت کارنر	۱۸
پکوان	۱۹
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	۲۰
واقفات کارنر	۲۱
ناصرات کارنر	۲۵

مجلس ادارت

امیر جماعت ناروے
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر لجنہ اماءاللہ
محترمہ انعم سحر اسلام صاحبہ

نیشنل سیکرٹری اشاعت
محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

نائبہ سیکرٹری اشاعت
صدیقہ وسیم

مدیرہ حصہ نارویجن
شائستہ باسط

پروف ریڈنگ حصہ اردو
صدیقہ وسیم
فہمیدہ مسعود
امتہ المنان ندیم صبا

گرافک ڈیزائنر
ضویا سامہ شاہد
ماہ رخ احمد فوزی

پرنٹنگ
شمسہ خالد

شائع کردہ
شعبہ اشاعت لجنہ اماءاللہ ناروے

Baitun Nasr Moske
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
Kontakt@ahmadiyya.no

اداریہ

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتْ وَبَشِّرِالصَّابِرِيْنَ۔

(سورۃ البقرہ آیت156

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہیں کچھ خوف اور کچھ بھوک اور کچھ اموال اور جانوں اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائیں گے اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دے۔

اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:"اس میں اللہ تعالیٰ نے پانچ قسم کے ابتلاؤں کا ذکر فرمایا ہے اور کہا ہے کہ ہم اپنی ذات کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ تم ان ابتلاؤں میں سے گزرے بغیر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل نہیں کر سکتے۔ایک ابتلاء تو یہ ہوگا کہ دشمنوں کے حملوں کا خوف تمہیں لاحق ہوگا ساری قومیں تمہارے خلاف کھڑی ہو جائیں گی اور تم پر حملہ کریں گی حکومتیں تم سے ناراض ہو جائیں گی اور تمہیں مٹانے کی کوشش کریں گی یہ چیزیں ایسی ہیں جس پر بزدل لوگ ڈر جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا جانے اب کیا ہوگا بہت سے لوگوں کے حوصلے اس خوف کی وجہ سے پست ہو جاتے ہیں اور اوسان خطا ہو جاتے ہیں۔

آپ نے فرمایا کہ ابتلاء ادنیٰ لوگوں پر بھی آتے ہیں اور اعلیٰ درجہ کے لوگوں پر بھی آتے ہیں۔ پھر فرمایا:"یہ امر یاد رکھنا چاہئے کہ ادنیٰ درجہ کے لوگوں پر جب ابتلاء آتے ہیں تو وہ اس لیے آتے ہیں تا انہیں معلوم ہو جائے کے ان کی ایمانی حالت کیسی ہے۔جب انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے اندر فلاں فلاں نقص باقی ہے اور وہ اسے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو رفتہ رفتہ کمال کے درجہ تک پہنچ جاتے ہیں اور اعلیٰ درجہ کے لوگوں پر اس لیے آتے ہیں تا کہ دوسروں کو معلوم ہو جائے کہ ان کی حالت کیسی ہے وَبَشِّرِالصَّابِرِينَ وہ لوگ جو ان تمام ابتلاؤں کو برداشت کرلیں گے اور ایمان پر مضبوطی سے قائم رہیں گے ان کو کوئی ڈر نہیں۔" (تفسیر کبیر جلد اول و دوئم سورہ البقرہ صفحہ 194-195)

رمضان کا لفظ بھی رمض سے نکلا ہے جس کے معانی عربی زبان میں سوزش اور جلن کے ہیں یہ مہینہ بھی ہم سے ہر قسم کی قربانی کا تقاضا کرتا ہے اس میں بھوک بھی ہے پیاس بھی ہے جذبات کی قربانی بھی ہے نیند اور آرام کی قربانی بھی ہے اور مالی قربانی بھی ہے یہ سارا مہینہ ہم سے ہر قسم کی قربانیاں چاہتا ہے جو اس میں استقامت دکھاتا ہے اور خدا تعالیٰ کی محبت کی خاطر تمام بھوک پیاس کو برداشت کرکے دکھ اٹھاتا ہے۔ہر قسم کی قربانی بشاشت سے کرتا ہے تو پھر اس کے لیے بھی بشارت ہے۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "رمضان ایک خاص اہمیت رکھنے والا مہینہ ہے جس شخص کے دل میں اسلام اور ایمان کی قدر ہوتی ہے وہ اس مہینہ کے آتے ہی اپنے دل میں ایک خاص قسم کی کپکپاہٹ ضرور محسوس کرتا ہے۔ کتنی ہی صدیاں ہمارے اور محمد ﷺ کے درمیان گزر جائیں کتنے ہی سال ہمیں اور ان کو آپس میں جدا کرتے چلے جائیں لیکن جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان صدیوں اور سالوں کو اس مہینہ نے لپیٹ لپاٹ کر چھوٹا سا کر کے رکھ دیا ہے اور ہم محمد ﷺ کے قریب پہنچ گئے ہیں چونکہ قرآن کریم خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے اس لیے یوں معلوم ہوتا ہے اس تمام فاصلہ کو سمیٹ سماٹ کر ہمیں خدا تعالیٰ کے قریب کر دیا ہے وہ بُعد جو ایک انسان کو خدا تعالیٰ سے ہوتا ہے وہ بُعد جو ایک مخلوق کو اپنے خالق سے ہوتا ہے وہ بُعد جو ایک کمزور اور نالائق ہستی کو زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے سے ہوتا ہے وہ یوں سمٹ جاتا ہے جیسے وہ یوں غائب ہو جاتا ہے مٹ جاتا ہے جیسے سورج کی کرنوں سے رات کا اندھیرا۔یہی وہ حالت ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتا ہے: **اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّی قَرِیْبٌ۔**

(تفسیر کبیر جلد اول دوم صفحہ 393/394)

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم سب اللہ تبارک و تعالیٰ کے تمام حکموں پر لبیک کہنے والے اور ہر قسم کی قربانی خواہ وہ جانی ہو مالی ہو یا نفس کی خوش دلی سے کرنے والے اور آزمائش کے ہر امتحان میں پورا اترنے والے ہوں۔ آمین ثم آمین۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

القرآن الکریم

وَمَنۡ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیۡقِیۡنَ وَالشُّہَدَآءِ وَالصّٰلِحِیۡنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا (سورۃ النساء:70)

ترجمہ: اور جو بھی اللہ کی اور اِس رسول کی اطاعت کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو اُن لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے (یعنی) نبیوں میں سے، صدیقوں میں سے، شہیدوں میں سے اور صالحین میں سے اور یہ بہت ہی اچھے ساتھی ہیں۔

حدیث نبوی ﷺ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْمَا اَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُ مَّۃِ عَلیٰ رَأْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا دِ یْنَھَا۔ (حدیقۃ الصالحین: صفحہ 930 ایڈیشن 2003ء)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ ہر صدی کے سر پر ایسا مجدّد بھیجے گا جو اس اُمّت کے دین کی تجدید کرے گا۔ یعنی امّت میں جو بگاڑ پیدا ہو گا اس کی اصلاح کرے گا اور دین کی رغبت اور اس کے لیے قربانی کے جذبہ کو بڑھا دے گا۔

کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ”تمہارے لیے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا سے بھی۔ صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اسکی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کے لیے بعض حصہ مال کا چھوڑتا ہے وہ ضرور اس کو پائے گا۔ لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجالانی چاہیے تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔ یہ مت خیال کرو کہ مال تمہاری کوشش سے آتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجالا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو، بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کے لیے بلاتا ہے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر تم سب کے سب مجھے چھوڑ دو اور خدمت اور امداد سے پہلو تہی کرو تو وہ ایک قوم پیدا کر دے گا جو اس کی خدمت بجالائے گی۔ تم یقیناً سمجھو کہ یہ کام آسمان سے ہے اور تمہاری خدمت صرف تمہاری بھلائی کے لیے ہے۔ پس ایسا نہ ہو کہ تم دل میں تکبر کرو اور یہ خیال کرو کہ ہم خدمت مالی یا کسی قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ میں بار بار تمہیں کہتا ہوں کہ خدا تمہاری خدمتوں کا ذرا محتاج نہیں۔ ہاں تم پر یہ اس کا فضل ہے کہ تم کو خدمت کا موقعہ دیتا ہے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 497-498)

دنیا کی حرص و آز میں کیا کچھ نہ کرتے ہیں
نقصاں جو ایک پیسہ کا دیکھیں تو مرتے ہیں
زر سے پیار کرتے ہیں اور دل لگاتے ہیں
ہوتے ہیں زر کے ایسے کہ بس مر ہی جاتے ہیں

(از درثمین ص: 11 : ایڈیشن: 1996ء)

پاکیزہ منظوم کلام حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

وہ آیا منتظر جس کے تھے دن رات
معمّہ کھل گیا روشن ہوئی بات

دکھائیں آسماں نے ساری آیات
زمیں نے وقت کی دیدیں شہادات

پھر اس کے بعد کون آئے گا ہیہات
خدا سے کچھ ڈرو چھوڑو معادات

خدا نے اک جہاں کو یہ سنا دی
فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

مسیح وقت اب دنیا میں آیا
خدا نے عہد کا دن ہے دکھایا

مبارک وہ جو اب ایمان لایا
صحابہؓ سے ملا جب مجھ کو پایا

وہی مے ان کو ساقی نے پلا دی
فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

خدا کا ہم پہ بس لطف و کرم ہے
وہ نعمت کون سی باقی جو کم ہے

زمین قادیاں اب محترم ہے
ہجوم خلق سے ارض حرم ہے

ظہور عون و نصرت دمبدم ہے
حسد سے دشمنوں کی پشت خم ہے

سنو اب وقت توحید اتم ہے
ستم اب مائل ملک عدم ہے

خدا نے روک ظلمت کی اٹھا دی
فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

(درثمین ص:56-57:ایڈیشن:1996ء)

خلاصہ خطبہ جمعہ

سیّدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 24مارچ 2023ء کو مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ، یو کے میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا: تشہد، تعوذ، سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الجمعہ کی آیات 3 تا 4 کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ان آیات کا ترجمہ ہے کہ ”وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔ اور ان ہی میں سے دوسروں کی طرف بھی اسے مبعوث کیا ہے جو ابھی ان سے نہیں ملے اور وہ کامل غلبے والا اور صاحبِ حکمت ہے۔

23مارچ کا دن جماعت احمدیہ میں یومِ مسیح موعود کے نام سے جانا جاتا ہے۔ کل 23مارچ تھی۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے اور رسول اللہ ﷺ کی پیشگوئیوں کے مطابق زمانے کے امام مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ 23مارچ 1889ء کو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لدھیانے میں بیعت لے کر مخلصین کی جماعت قائم فرمائی۔ سورۃ الجمعہ کی جن آیات کی میں نے تلاوت کی ہے ان میں آنحضرت ﷺ کے غلامِ صادق کے آنے اور اس کے ذریعے ایک جماعت کے قیام کی خوش خبری دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی دیگر آیات اور احادیث میں یہ خوش خبری موجود ہے۔ اس وقت میں ان آیات کی وضاحت اور آنے والے مسیح موعود کے زمانے کی مختلف نشانیاں جو بیان ہوئی ہیں ان کی تفصیل حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ میں بیان کروں گا۔ اسی طرح آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ کو بھی مختصر طور پر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ میں پیش کروں گا۔

ان آیات کی تفسیر میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں اس کا ماحصل یہ ہے کہ خدا وہ خدا ہے جس نے ایسے وقت میں رسول بھیجا کہ لوگ علم اور حکمت سے بے بہرہ ہو چکے تھے۔ عُلومِ حکمیہ دینیہ جن سے تکمیلِ نفس ہو اور نفوسِ انسانی اپنے کمال کو پہنچے بالکل گم ہو گئے تھے۔ تب ایسے وقت میں خدا تعالیٰ نے اپنا رسول اُمّی بھیجا اور اس رسول نے ان کے نفسوں کو پاک کیا اور علم الکتاب اور حکمت سے ان کو مملو کیا یعنی نشانوں اور معجزات سے مرتبہ یقینِ کامل تک ان کو پہنچایا۔ پھر فرمایا: ایک گروہ اور ہے جو آخری زمانے میں ظاہر ہو گا وہ بھی اول تاریکی و گمراہی میں ہوں گے تب خدا ان کو بھی صحابہ کے رنگ میں لائے گا۔ یہاں تک کہ ان کا صدق اور یقین بھی صحابہ کے صدق اور یقین کی مانند ہو جائے گا۔ حدیثِ صحیح میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس حدیث کے وقت سلمان فارسیؓ کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور فرمایا: لَوْ كَانَ الْاِ يْمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهٗ رَجُل من فارس

اس زمانے کی نسبت فرمایا گیا ہے کہ قرآن آسمان پر اٹھایا جائے گا یہی وہ زمانہ ہے جو مسیح موعود کا زمانہ ہے۔ یہ فارسی الاصل وہی ہے جس کا نام مسیح موعود ہے۔ فرمایا: اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ کمال ضلالت کے بعد ہدایت اور حکمت پانے والے اور آنحضرت ﷺ کے معجزات اور برکات کو مشاہدہ کرنے والے دو ہی گروہ ہیں اول صحابہ اور دوسرا گروہ جو مانند صحابہ ہیں وہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا گروہ ہے۔ کیونکہ یہ گروہ بھی آنحضرت ﷺ کے معجزات کو دیکھنے والا ہے۔ آج کل ایسا ہی ہوا ہے۔ چنانچہ تیرہ سو برس بعد آنحضرت ﷺ کے معجزات کا دروازہ کھل گیا ہے اور لوگوں نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے کہ خسوف و کسوف رمضان میں موافق حدیث دار قطنی اور فتاویٰ ابنِ حجر کے ظہور میں آگیا۔ پھر ذوالسنین ستارہ بھی جس کا نکلنا مہدی اور مسیح موعود کے وقت میں بیان کیا گیا تھا ہزاروں لوگوں نے نکلتا ہوا دیکھ لیا۔ ایسا ہی جاوا کی آگ بھی ہزاروں لوگوں نے مشاہدہ کی۔ ایسا ہی طاعون کا پھیلنا اور حج سے روکے جانا بھی سب نے بچشم خود مشاہدہ کر لیا۔ ملک میں ریل کا تیار ہونا اور اونٹوں کا بے کار ہونا یہ سب آنحضرت ﷺ کے معجزات تھے جو اس زمانے میں اسی طرح دیکھے گئے جیسے صحابہ نے معجزات کو دیکھا تھا۔ اسی وجہ سے اللہ جلّ شانہٗ نے اس آخری گروہ کو مِنْھُم کے لفظ سے پکارا تا کہ یہ اشارہ کرے کہ معائنہ معجزات میں یہ بھی صحابہ کے رنگ میں ہیں۔ سوچ کر دیکھو کہ تیرہ سو برس میں ایسا زمانہ منہاجِ نبوت کا کس نے پایا ہے۔ ہماری جماعت کو کئی وجوہ سے صحابہ کی جماعت سے مشابہت ہے۔ وہ خدا کے نشانوں اور تازہ بتازہ تائیدات سے نور اور یقین پاتے ہیں جیسے صحابہ نے پایا۔ وہ خدا کی راہ میں لوگوں کی لعن طعن، ہنسی، ٹھٹھے اور بدزبانی اور قطع رحم کا صدمہ اٹھا رہے ہیں جیسا کہ صحابہ نے اٹھایا۔ وہ خدا کے نشانوں اور آسمانی مدد سے پاک زندگی حاصل

کرتے جاتے ہیں جیسے صحابہ نے حاصل کی۔بہتیرے ان میں سے ہیں کہ نمازمیں روتے ہیں اور سجدہ گاہوں کو آنسوؤں سے تر کرتے ہیں جیسا کہ صحابہ روتے تھے۔بہتیرے ان میں سے وحی والہام سے مشرف ہوتے ہیں جیسے صحابہ ہوتے تھے۔جیسے یہ جماعت صحابہ سے مشابہ ہے ویسے ہی وہ شخص جو اس جماعت کا امام ہے وہ آنحضرت ﷺ سے مشابہت رکھتا ہے جیسا کہ خود آنحضرت ﷺ نے مہدی معہود کی یہ صفت بیان فرمائی کہ وہ آپ ﷺ سے مشابہ ہوگا۔دو مشابہت اس کے وجود میں ہوں گی ایک مشابہت حضرت مسیحؑ کے وجود سے جس کی وجہ سے وہ مسیح کہلائے گا اور دوسری مشابہت آنحضرت ﷺ سے جس کی وجہ سے وہ مہدی کہلائے گا۔اپنے دعویٰ کی نسبت آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ جب خدا تعالیٰ نے زمانے کی موجودہ حالت کو دیکھ کر اور زمانے کو طرح طرح کے فسق اور معصیت اور گناہ سے بھرا ہوا دیکھ کر تبلیغ حق اور اصلاح کے لیے مجھے مبعوث فرمایا۔اور یہ زمانہ بھی ایسا تھا کہ لوگ تیرھویں صدی ہجری کو ختم کر کے چودھویں صدی کے سر پر پہنچ گئے تھے۔تب میں نے اس حکم کی پابندی سے عام لوگوں میں بذریعہ تحریری اشتہارات اور تقریروں کے یہ ندا کرنی شروع کی کہ اس صدی کے سر پر جو تجدیدِ دین کے لیے آنے والا تھا وہ میں ہی ہوں۔تا وہ ایمان جو زمین پر سے اٹھ گیا ہے اسے دوبارہ قائم کروں۔

آنے والے مسیح موعود آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی ہیں اس کی کیا دلیل ہے؟ اس حوالے سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ اس کا جواب یہ ہے کہ جس زمانے اور جس ملک اور جس قصبے میں مسیح موعود کا ظاہر ہونا قرآن شریف اور احادیث سے ثابت ہوتا ہے اور جن افعالِ خاصّہ کو مسیح کے وجود کی علّتِ غائی ٹھہرایا گیا ہے اور جن حوادثِ ارضی وسماوی کو مسیح موعود کے ظاہر ہونے کی علامات ٹھہرایا گیا ہے اور جن عُلوم ومعارف کو مسیح موعود کا خاصّہ ٹھہرایا گیا ہے وہ سب باتیں اللہ تعالیٰ نے مجھ میں اور میرے زمانے میں اور میرے ملک میں جمع کر دی ہیں۔ **سلسلہ کی ترقیات کے متعلق آپ علیہ لصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ** آج سے تیئیس برس پہلے براہینِ احمدیہ میں یہ الہام موجود ہے کہ لوگ کوشش کریں گے کہ اس سلسلے کو مٹادیں۔ہر ایک مکر کام میں لائیں گے مگر خدا تعالیٰ اس سلسلے کی تائید ہمیشہ فرمائے گا۔حضورِانور نے فرمایا آج بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے براہینِ احمدیہ میں فرمایا تھا کہ فصاحت وبلاغت کے چشمے تیرے لبوں پر جاری کیے گئے۔اس نشان کا ثبوت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتابیں ہیں۔کئی کتابیں عربی بلیغ میں تالیف کر کے ہزار ہا روپے کے انعام کے ساتھ شائع کی گئیں لیکن کوئی مقابلے کے لیے نہ آیا۔دعا کی قبولیت کے نشانات کے حوالے سے حضورِانور نے طالبِ علم عبدالکریم ولد عبدالرحمٰن ساکن حیدر آباد دکن کی مثال پیش فرمائی کہ جو قادیان میں حصولِ تعلیم کے لیے آئے تھے اور انہیں سگِ دیوانہ نے کاٹ لیا تھا۔ہر ممکن علاج کی کوشش کے بعد جب معالجین نے مایوسی کا اظہار کر دیا تو ایسے میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خدا تعالیٰ سے نہایت درد کے ساتھ دعا کی اور اس موقعے پر قبولیتِ دعا کی خاص کیفیت بھی میسر آگئی چنانچہ کچھ ہی دیر میں اس طالبِ علم کی طبیعت سنبھلنا شروع ہوگئی اور چند دن کے اندر وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔حضورِانور نے ڈاکٹر الیگزینڈر ڈوئی، غلام دستگیر قصوری اور چراغ دین جمونی کی مثالیں بھی پیش فرمائیں۔حضورانور نے فرمایا آج مسلمان اگر اس حقیقت کو سمجھ لیں کہ جو مسیح ومہدی آنے والا تھا وہ آگیا ہے اور آنحضرت ﷺ کا حقیقی غلامِ صادق یہی ہے اور اس کی بیعت میں آنا آنحضور ﷺ کے حکم کے موجب ضروری ہے تو مسلمان دنیا میں اپنی برتری دوبارہ قائم کرلیں گے ورنہ ان کا یہی حال رہنا ہے جو ہے۔خطبے کے آخر میں حضورانور نے دنیائے احمدیت، پاکستان، برکینا فاسو اور بنگلہ دیش کے احمدیوں نیز دنیا کے تباہی سے بچنے کے لیے دعا کی تحریک فرمائی نیز الفضل انٹرنیشنل کے روزنامہ ہونے پر اسے پڑھنے اور خریدنے کی تحریک اور الفضل میں لکھنے والوں کے لیے دعائیہ کلمات ارشاد فرمائے۔ (روزنامہ الفضل انٹرنیشنل 27 مارچ 2023ء)

”لجنات حضور انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔
جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔“

رسول کریم ﷺ بحیثیت منصفِ اعظم

(راشدہ بٹ مجلس نوردرے فولو)

نبوت کے تھے جس قدر بھی کمال — وہ سب جمع ہیں آپ ﷺ میں لا محال

صفات جمال اور صفات جلال — ہر اک رنگ ہے بس عدیم المثال

لیا ظلم کا عفو سے انتقام

علیک الصلوٰۃ و علیک السلام

الٰہی تقدیر کے مطابق رسول اللہ ﷺ کی بعثت سرزمینِ عرب میں ہوئی جہاں ہر قسم کی بے اعتدالی اور ظلم وتعدی کا دَوردورہ تھا۔آپ ﷺ نے ظلم وستم سے لبریز اس جزیرہ عرب کو عدل وانصاف کا گہوارہ بنا کر دنیا کے سامنے اسلامی ریاست کا ایک خوبصورت ماڈل پیش کیا۔جس میں ایک طرف مظلوم عورت کو ظلم سے رہائی دلوائی تو دوسری طرف مقہور غلاموں کو ان کے حقوق دلوائے ۔ آپ ﷺ نے انصاف کا آغاز گھر کی ابتدائی سطح سے کیا جس کے بعد محلہ،شہر ملک اور عالمی سطح پر انصاف قائم کر دکھایا۔گھریلو سطح پر آپ ﷺ نے والدین،اولاد،رشتہ داروں،بچوں عورتوں، بوڑھوں اور ہمسایوں کے حقوق قائم فرمائے تو معاشرے میں رنگ ونسل اور مذہب کی تمیز وتفریق دور کر کے معاشرتی،معاشی اور مذہبی ہر پہلو سے عدل وانصاف قائم کر کے دکھادیا۔انصاف کے علمبردار نے یہ اعلان کیا **اُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ** (الشوریٰ:16)
اے دنیا کے لوگو! میں تمہارے درمیان عدل قائم کرنے کے لیے مامور کیا گیا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں آپ ﷺ کی سیرت کو اس انداز میں بیان فرمایا کہ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب:22)
کہ تمہارے لیے اللہ کے رسول کی ذات اور سیرت اسوہ حسنہ ہے اللہ نے اس آیت میں جو بیان کیا کہ کامل نمونہ تمہارے لیے آپ ﷺ ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ یہ آیت کس طرح آپ کی زندگی پر صادر آتی ہے کہ آپ ﷺ نے زندگی گزارنے کے ہر پہلو کے لحاظ سے ہمیں احسن نمونہ عطا کیا جو کہ بحیثیت منصفِ اعظم آپ ﷺ کی سیرت کے ہر ایک پہلو میں نمایاں نظر آتا ہے۔ان حسین پہلوؤں کا احاطہ کرنا ناممکن ہے۔چند ایک عدل وانصاف کے پہلو مندرجہ ذیل ہیں:۔

مذہبی امن کی خاطر اپنے حق کی قربانی ایک یہودی بازار میں سودا بیچ رہا تھا۔اُسے ایک مسلمان نے کسی چیز کی قیمت بتائی، جو اسے ناگوار گزری تو اُس نے کہا کہ اُس ذات کی قسم جس نے موسیٰؑ کو تمام انسانوں پر فضیلت دی ہے۔اس بات پر مسلمان نے اس کو تھپڑ رسید کر دیا اور کہا کہ تم نبی کریم ﷺ پر موسیٰ کو فضیلت دیتے ہو۔یہودی نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اے ابوالقاسم! ہم آپ ﷺ کی ذمہ داری اور آمان میں ہیں اور آپ ﷺ کے ساتھ ہمارا معاہدہ ہے اور اس مسلمان نے مجھے تھپڑ مار کر زیادتی کی ہے۔ نبی کریم ﷺ اس پر ناراض ہوئے اور فرمایا مجھے نبیوں کے درمیان فضیلت نہ دیا کرو۔ (بخاری کتاب الانبیاء باب وان یونس لمن المرسلین)

اس میں کیا شک ہے کہ نبی کریم ﷺ کو تمام انبیاء پر فضیلت حاصل ہے لیکن آپ ﷺ نے ایثار اور انکسار کو کام میں لاتے ہوئے احسان کے ساتھ یہی فیصلہ فرمایا کہ میری فضیلت کی بحث سے ماحول میں فتنہ وفساد پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ مدینہ کی اسلامی ریاست میں مسلمانوں کے مابین بھی عدل وانصاف کی شاندار مثالیں رقم ہوئیں۔ بطور نمونہ ایک مثال پیش ہے۔

مذہبی رواداری اور انصاف پر مبنی ایک اور واقعہ: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ ان کی پھوپھی ربیع بنت نضرؓ نے ایک لونڈی کا دانت توڑ دیا۔ لونڈی کے مالکوں نے اس کا معاوضہ مانگا۔(جو دس اونٹ تھا) ربیعؓ کے خاندان نے معافی طلب کی مگر لونڈی کے ورثاء نہ مانے۔ ربیعؓ کے بھائی انسؓ نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا ہماری بہن ربیعؓ کے دانت توڑے جائیں گے۔؟ نہیں! اس خدا کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کے دانت ہر گز نہیں توڑے جائیں گے۔ نبی کریم ﷺ نے سمجھاتے ہوئے فرمایا کہ اے انسؓ! اللہ کا فیصلہ قصاص یعنی برابر کا بدلہ ہے۔ اس طرح آپ ﷺ نے اس مخلص انصاری کے خاندان سے اتنے گہرے تعلق کے باوجود عدل کا دامن نہیں چھوڑا۔ اگرچہ بعد میں یہ معاملہ باہم فریقین کی صلح کے نتیجے میں انجام پایا۔ (بخاری کتاب الصلح باب 8)

جنگ میں عدل وانصاف غزوۂ احزاب میں مشرکین کا ایک سردار نوفل بن عبداللہ مخزومی میدان میں آیا اور نعرہ لگایا کہ کوئی ہے جو مقابلے میں آئے؟ حضرت زبیر بن العوامؓ مقابلے میں نکلے اور اسے زیر کر لیا۔ دریں اثنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی نیزہ مارا اور وہ دشمنِ رسول ﷺ خندق میں گر کر ہلاک ہو گیا۔ مشرکینِ مکہ اُحد میں رسول اللہ ﷺ کے چچا حمزہؓ کے ناک کان کاٹ کر ان کی نعش کا مُثلہ کر چکے تھے۔ وہ طبعاً خائف تھے کہ ان کے سردار سے بھی ایسا بدلہ نہ لیا جائے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو پیغام بھجوایا کہ دس ہزار درہم لے لیں اور نوفل کی نعش واپس کر دیں، رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہم مردوں کی قیمت نہیں لیا کرتے۔ تم اپنی نعش واپس لے جاؤ۔ (دلائل النبوۃ للبیہقی جلد 3 صفحہ 437 تا 438)

جنگ میں عدل وانصاف سے بڑھ کر احسان کا سلوک: 8ھ میں مکہ فتح ہوا تو آپ ﷺ نے ان ظالموں کو جنہوں نے آپ ﷺ اور آپ کے اہل وصحابہ کے ساتھ ظلم کیے تھے ان سب کو فرمایا:۔ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۔ جاؤ تم سب آزاد ہو تم پر آج کے دن کوئی سرزنش نہیں آپ نے تمام عرب کے لیے معافی کا اعلان کر دیا۔ (بخاری کتاب المغازیؓ)

قیدیوں کے ساتھ سلوک جنگ بدر میں جب قیدیوں میں حضرت عباسؓ جو آپ کے چچا کے بیٹے تھے، وہ قید ہو کر آئے تو آپ ﷺ کو ان کے کراہنے کی بہت بے چینی تھی۔ صحابہؓ نے اس بے چینی کو محسوس کر کے ان کی رسی کو ڈھیلا کر دیا۔ آپ ﷺ کو جب علم ہوا تو فرمایا سب کی رسیاں ڈھیلی کر دو ایک دفعہ حضرت ابو مسعود بدریؓ اپنے غلام کو کسی بات پر مار رہے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے دیکھا تو فرمایا: اسے آزاد کرو اور انہوں نے وہ غلام آزاد کر دیا۔" (مسلم کتاب الایمان باب 8) ہمارے موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انصاف کے قیام کے بارے میں یہ راہنمائی فرمائی کہ اس کا آغاز گھروں سے ہونا چاہیے۔ آپ نے اپنی ایک آن لائن پریس کانفرنس میں فرمایا: "قرآن کریم نے اور حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ہے کہ تمہیں مقامی سطح پر بھی، گھروں میں بھی اور بین الاقوامی سطح پر بھی انصاف کو قائم کرنا ہوگا۔ تب ہی معاشرے میں امن دیکھ سکتے ہو۔" (امیر المؤمنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی گیمبیا کے صحافیوں کے ساتھ (آن لائن) پریس کانفرنس مورخہ 22 مئی 2021)

اللہ کرے کہ ہم سب انصاف کے پیمانے پر قائم ہو کر معاشرے کو امن کا گہوارہ بنا سکیں۔ آمین۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے چند ایمان افروز واقعات

(شاہدہ نسرین مجلس نورستر اند)

دنیا میں بعض انسان ایسے بھی پیدا ہوئے ہیں جو قوموں کی تقدیر بدلنے کے لیے آتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ دنیا میں نمونہ بنا کر بھیجتا ہے تاکہ اس کی تقلید سے قوم میں بھی وہی اعلیٰ عادات وفضائل پیدا ہوں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ایسے وجودوں میں سے ایک تھے جن کی زندگی کا ہر لمحہ بے نفسی کے ساتھ یادِ خدا تعالیٰ اور خدا تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت میں گزرا۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشگوئی مصلح موعود آپ کے بابرکت وجود میں بڑی شان وشوکت کے ساتھ پوری ہوئی۔ آپ بچپن ہی سے اللہ کی محبت میں سرشار تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طبیعت میں دین کی طرف رغبت تھی۔ دعا میں شغف تھا اور نمازیں بہت توجہ سے ادا کرتے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابتدائی تعلیم مدرسہ تعلیم الاسلام (قادیان) میں پائی۔ صحت کی کمزوری اور نظر کی خرابی کے باعث آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعلیمی حالت اچھی نہ رہی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر جماعت میں رعایتی ترقی پاتے رہے۔ مڈل اور انٹر (میٹرک) کے سرکاری امتحانوں میں فیل ہوئے س طرح دنیوی تعلیم ختم ہوگئی۔ اس درسی تعلیم کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خاص تربیت میں لیا۔ قرآن کریم کا ترجمہ تین ماہ میں پڑھا دیا۔ پھر بخاری بھی تین ماہ میں پڑھا دی، کچھ طب بھی پڑھائی اور چند عربی کے رسالے پڑھائے۔ قرآنی علوم کا انکشاف تو محبت الٰہی ہوتی ہے مگر یہ درست ہے کہ قرآن کریم کی چاٹ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہی لگائی۔ جب آپ رضی اللہ عنہ کی عمر 18،17 سال کی تھی ایک دن خواب میں ایک فرشتہ ظاہر ہوا اور اس نے سورۃ فاتحہ کی تفسیر سکھائی۔ اس کے بعد سے تفسیر قرآن کا علم خدا تعالیٰ خود عطا کرتا چلا گیا۔

آپ کی زندگی کے چند ایمان افروز واقعات پیش خدمت ہیں:

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کے بعد ایک تحصیلدار صاحب قادیان آئے اور مجھے بلا کر کہا کہ مرزا صاحب کی جائیداد آپ لوگوں کے نام چڑھانی ہے کون کون وارث ہیں؟ اس زمانہ میں عورت کا جائیداد میں کوئی حصہ نہ ہوتا تھا۔ میں نے جب حضرت والدہ صاحبہ، اپنی بہنوں اور بھائیوں کے نام لکھوائے تو وہ کہنے لگا کہ یہ ہرگز نہیں ہوسکتا بلکہ باپ کی جائیداد صرف بیٹوں میں تقسیم ہوگی۔ اس پر میں وہاں سے یہ کہہ کر چلا آیا کہ اگر قانون یہ کہتا ہے تو ایسی جائیداد ہم نہیں لیتے۔ تحصیلدار میرے ایسا کہنے سے مرعوب ہوگیا اور اس نے سب کے نام جائیداد تقسیم کردی۔

شیخ غلام احمد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ ”ایک دفعہ میں نے ارادہ کیا کہ آج کی رات مسجد مبارک میں گزاروں گا اور تنہائی میں اپنے مولیٰ سے جو چاہوں گا مانگوں گا“۔ کہتے ہیں ”مگر جب میں مسجد میں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی شخص سجدے میں پڑا ہوا ہے اور الحاح سے دعا کر رہا ہے۔ اس کے اس الحاح کی وجہ سے میں نماز بھی نہ پڑھ سکا اور اس شخص کی دعا کا اثر مجھ پر بھی طاری ہوگیا اور میں بھی دعا میں محو ہوگیا اور میں نے دعا کی کہ یاالٰہی! یہ شخص تیرے حضور سے جو کچھ بھی مانگ رہا ہے وہ اس کو دے دے اور میں کھڑا کھڑا تھک گیا کہ یہ شخص سر اٹھائے تو معلوم کروں کہ کون ہے“ فرماتے ہیں کہ ”میں نہیں کہہ سکتا کہ مجھ سے پہلے وہ کتنی دیر سے آئے ہوئے تھے مگر جب آپ نے سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت میاں محمود احمد صاحب ہیں۔ میں نے السلام علیکم کہا اور مصافحہ کیا اور پوچھا میاں! آج اللہ تعالیٰ سے کیا کچھ مانگ لیا تو آپ نے فرمایا کہ میں نے تو یہی مانگا ہے کہ الٰہی! مجھے میری آنکھوں سے اسلام کو زندہ کر کے دکھا اور یہ کہہ کر آپ اندر تشریف لے گئے۔ اسلام کی فتح کا دن دیکھنے کی یہ بے قرار تمنا جو اس نوعمری میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل میں تھی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نوعمری میں ہی وہ پھر پھل بھی لانے لگی جب آپ کو جوانی میں ہی اللہ تعالیٰ نے خلافت کی ردا پہنائی۔“ (ماخوذ از سوانح فضل عمرؓ جلد 1 صفحہ 151)

خلیفہ وقت کا وجود زمین کے کسی خاص حصے سے تعلق رکھتے ہوئے بھی ساری دنیا کے لیے برکات اور فیوض کا منبع ہوتا ہے اسی طرح خلیفہ وقت کی دعائیں بھی ساری دنیا کے انسانوں کے لیے یکساں شرف قبولیت پاتی نظر آتی ہیں۔ مصر کے ایک مخلص احمدی محترم عبدالحمید خورشید آفندی صاحب 1938ء میں چند روز کے لیے قادیان آئے اور حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں دس بارہ سال سے شادی شدہ ہونے کے باوجود اولاد سے محروم ہوں۔ حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا کرنے کا وعدہ کیا اور جب کچھ روز بعد آفندی صاحب دوبارہ حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''میں نے آپ کے لیے دعا کی ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو فرزند عطا کرے گا''۔ کچھ عرصہ قادیان میں مزید قیام کے بعد آفندی صاحب واپس مصر چلے گئے تو ان کے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوا جس کا نام بلاد عربیہ کے پہلے مربی سلسلہ کے نام پر جلال الدین رکھا پھر دوسرا لڑکا شمس الدین اور ایک لڑکی عائشہ پیدا ہوئی۔ عزیزم جلال الدین جو خدام الاحمدیہ قاہرہ کے سیکرٹری اور ملک کے ایک قابل فخر وجود بھی تھے صرف 22 سال کی عمر میں وفات پا گئے اور اس قومی نقصان پر مصر کے صدر جمال عبدالناصر نے بھی اپنا تعزیتی پیغام بھجوایا تھا۔ گویا دعا کی برکت سے نہ صرف اولاد عطا ہوئی بلکہ اپنے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے والی اولاد اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی۔

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: چند سال ہوئے مجھے ایک مکان کی تعمیر کے لیے روپیہ کی ضرورت پیش آئی۔ میں نے اندازہ کرایا تو مکان کے لیے اور اس وقت کی بعض ضروریات کے لیے دس ہزار روپیہ درکار تھا۔ میں نے خیال کیا کہ جائیداد کا کوئی حصہ بیچ دوں۔ یا کسی سے قرض لوں اتنے میں ایک دوست کی چٹھی آئی کہ میں چھ ہزار روپیہ بھیجتا ہوں اس کے بعد چار ہزار باقی رہ گیا۔ ایک تحصیلدار دوست نے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہمیں دس ہزار روپیہ کی ضرورت تھی۔ اس میں سے چھ ہزار تو مہیا ہو گیا ہے باقی چار ہزار تم بھیج دو۔ مجھے تو اس کا کوئی مطلب سمجھ نہیں آیا۔ اگر آپ کو کوئی ذاتی ضرورت یا سلسلہ کے لیے درپیش ہو۔ تو میرے پاس چار ہزار روپیہ جمع ہے میں وہ بھیج دوں۔ میں نے نہیں لکھا تھا کہ واقعی صورت تو ایسی ہی ہے۔ بعینہٖ اسی طرح ہوا ہے گویا ضرورت مجھے تھی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے میرے مونہہ سے کہلوانے کی بجائے اس دوست کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مونہہ سے کہلوادیا۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ 30 ، جون 1939، مطبوعہ الفضل قادیان 11 ، جولائی 1939 صفحہ 4)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں' میری عادت ہے کہ جب دشمن کی تلوار سر پر لٹک رہی ہو تو اس وقت میں اس کی بات نہیں مانا کرتا اور مجھے افسوس ہے کہ جب کبھی یہاں کے بزرگوں نے مجھ سے صلح کرنے کی کوشش کی ہے تو ہمیشہ ایسی صورت میں کہ پہلے کوئی ہم پر مقدمہ کرادیا یا فساد کھڑا کرادیا اور پھر چاہا کہ ہم سے سمجھوتہ کر لیں حالانکہ میں ایسے مواقع پر سمجھوتہ نہیں کیا کرتا۔ میں ہمیشہ ایسے موقع پر ہی سمجھوتہ کرنے کے لیے تیار ہوا کرتا ہوں جب میرا ہاتھ دینے والا ہو اور اُن کا ہاتھ لینے والا ہو۔ لیکن جب کوئی ڈنڈا لے کر میرے سر پہ آ چڑھے اور کہے کہ مجھ سے صلح کرو تو پھر میں اس کی بات نہیں مانا کرتا۔ مجھے تعجب آتا ہے کہ میری عمر پچاس سال کے قریب ہونے کو گئی، صرف چند ماہ اس میں باقی ہیں۔ اور میں تمام عمر اس قادیان میں رہا مگر اب تک یہاں کے ہندوؤں اور سکھوں نے میری طبیعت کو نہیں سمجھا۔ میری طبیعت یہ ہے۔ اور یہی طبیعت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کی بھی تھی۔ بلکہ دینی لحاظ سے گو حالت کچھ ہی ہو یہی طبیعت ہمارے دادا صاحب کی بھی تھی کہ وہ کسی کے ساتھ دب کر صلح نہیں کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے خاندان نے دو حکومتوں کے تغیر کے وقت سخت نقصان اٹھایا ہے۔ جب سکھ آئے تب بھی اور جب انگریز آئے تب بھی کیونکہ یہ ہماری طبیعت کے خلاف ہے کہ ہم کسی کے سامنے سر جھکا کر کھڑے ہوں گو ہمارے خاندان نے سکھوں اور انگریزوں دونوں سے تعاون بھی کیا اور ان کی مدد بھی کی اور ان لوگوں سے زیادہ مدد کی جو بھی حضور کرتے رہتے تھے مگر پھر کبھی انگریزوں کے آگے گردن جھکا کر کھڑے نہیں ہوئے۔ یہ ایک خاندانی اثر ہے جو میرے اندر پایا جاتا ہے اور مذہب نے اسے اَور زیادہ رنگ دے دیا ہے'' (خطبہ جمعہ فرمودہ 18 ، نومبر 1938 مطبوعہ خطبات محمود جلد 19 صفحہ 804 تا 805)

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی آپ کے نقش قدم پہ چلنے کی توفیق عطاء فرمائے آمین

تنظیم لجنہ اماء اللہ

تھا موعود مصلح خدا کا پیارا — الٰہی نشاں تھا خلیفہ ہمارا
دلایا شعور اس نے عورت کو ایسے — حقوق و فرائض کیے آشکارا
کیا اس نے روشن ترقی کا رستہ — کہ تنظیم لجنہ ہے آفاقی تارا
خلیفہ کے احکام ہیں فرضِ اوّل — فدا ہر مطاع ، چاہیے بس اشارہ
جنگ و امن میں مصروف خدمت — یتیموں، غریبوں کو دیتی سہارا
مساجد ، مدارس ، مطب ہر نگر میں — نہ دیکھو گے دنیا میں ایسا نظارا
ہر سمت اس کی شاخیں ہیں قائم — گواہ اس پہ دنیا کا ہے ہر کنارا
دن ہو یا شب ہو ، نہیں اپنی پرواہ — کسی کی بھی تکلیف نہ ہے گوارا
اعانت ہر اک کی مدّ نظر ہے — ہو محتاج کوئی، یا ہو بے سہارا
سانجھی ہیں خوشیاں، دکھ بھی ہیں سانجھے — نہیں درمیاں کچھ ہمارا تمہارا
ہوں نسلیں ہماری فضلوں کی وارث — کہ جوبلی منائیں دوبارہ، سہ بارہ

(عفیفہ نجم)

رمضان کا مبارک مہینہ

(شمع احمد جماعت نتیدال)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ (سورۃ البقرۃ:184)

اے لوگو جو ایمان لائے تم پر بھی روزوں کا رکھنا اسی طرح فرض کیا گیا ہے جس طرح ان لوگوں پر فرض کیا گیا تھا جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں تا کہ تم روحانی اور اخلاقی کمزوریوں سے بچو۔

چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا میں ''روزہ'' کے ماتحت لکھا ہے کہ دنیا کا کوئی باقاعدہ مذہب ایسا نہیں جس میں روزہ کا حکم نہ ملتا ہو۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب طور پر گئے تو انہوں نے چالیس دن رات کا روزہ رکھا اور ان ایّام میں انہوں نے نہ کچھ کھایا نہ پیا (خروج باب 34 آیت 28) اسی طرح داؤد علیہ السلام کے روزوں کا ذکر بھی ہمیں زبور باب 35 آیت 13 میں ملتا ہے اور حضرت عیسیٰ کے متعلق لکھا ہے۔ اور چالیس دن اور چالیس رات فاقہ کرکے آخر کو اسے بھوک لگی (متی باب 4 آیت 2) اور یہ کہ حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے حواریوں کو بھی ہدایت دی کہ جب تم روزہ رکھو تو ریاکاروں کی طرح اپنی صورت اداس نہ بناؤ۔ یہودیت اور عیسائیت کے بعد ہندومت کو دیکھا جائے تو ان میں بھی کئی قسم کے ''برت'' پائے جاتے ہیں۔ ہر قسم کے ''برت'' کے متعلق الگ الگ شرائط ہیں جن کا ذکر ان کی کتاب دھرم سندھو میں پایا جاتا ہے۔ انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا میں ہندومت اور جین مت اور زرتشتی مذہب کے روزوں کا بھی ذکر پایا جاتا ہے۔ اسلام میں روزوں کی یہ صورت ہے کہ ہر بالغ عاقل کو برابر ایک مہینہ کے روزے رکھنے کا حکم ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ (البقرہ 186)

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن کریم انسانوں کے لیے ایک عظیم ہدایت کے طور اتارا گیا ہے اور ایسے کھلے نشانات کے طور پر جن میں ہدایت کی تفصیل اور حق و باطل میں فرق کر دینے والے امور ہیں۔ پس جو بھی تم میں سے اس مہینے کو دیکھے تو اس کے روزے رکھے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ صوفیا نے لکھا ہے کہ یہ تنویرِ قلب کے لیے عمدہ مہینہ ہے۔ (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 256)

بس یوں سمجھ لیں کہ یہ مہینہ روحانیت کے لیے موسم بہار کی طرح ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا کہ جب رمضان کا مہینہ شروع ہوتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیطان جکڑ دیئے جاتے ہیں۔ (صحیح مسلم کتاب الصوم)

یہ مہینہ آنحضرت ﷺ کے لیے عبادت سے معمور اور قربِ الٰہی پانے کا ایک ذریعہ تھا۔

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ماہ شعبان کی آخری رات یعنی رمضان کے آغاز سے ایک رات قبل فرمایا اے لوگو تم پر ایک بڑی عظمت اور شان والا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے۔ ہاں ایک برکت والا مہینہ جس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بھی بہتر ہے۔ (مشکوۃ المصابیح۔ کتاب الصوم)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کا مہینہ صبر کا مہینہ ہے صبر کے ذریعہ سے جنت کا ثواب ملتا ہے اور مواسات کا مہینہ بھی ہے۔ اس کے پہلے حصہ میں رحمت ہے اور درمیانی حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ میں آگ سے نجات ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا روزہ میرے لیے ہوتا ہے اور میں ہی اس کی جزاء ہوں۔

(بخاری کتاب الصوم)

روزہ کی بعض امتیازی خصوصیات۔ یہ کہ رمضان کے مہینہ کی پہلی رات کو مولا کریم شفقت سے دیکھتا ہے اور جس پر اس کی شفقت پڑ جائے اسے پھر عذاب نہیں دیتا۔**اور** رات کے وقت روزہ دار کے منہ کی خوشبو اللہ تعالیٰ کے حضور کستوری کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے۔اور یہ کہ فرشتے رات دن روزہ دار کے لیے استغفار کرتے ہیں۔اور یہ کہ اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ جنت کو اس کے روزہ دار بندوں کے لیے سنوارہ جائے اور یہ مہینہ قبولیت دعا کے لیے خاص مہینہ ہے۔ (البقرہ187)

روزہ کے چند مسائل و تشریحات

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے۔یہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہماری زندگیوں میں یہ ایک بار پھر آرہا ہے۔اللہ تعالیٰ نے ہماری روحانی اور اخلاقی تربیت کے لیے بعض بدنی عبادات رکھی ہیں مثلاً نماز، روزہ اور حج کو فرض کیا ہے۔روزہ دینِ اسلام میں بنیادی ارکان میں سے چوتھا رکن ہے۔عربی میں روزہ کے لیے صوم کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے جس کے معنی رکنے کے ہوتے ہیں اور روزہ سے مراد طلوع فجر یعنی پو پھٹنے سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے اور دیگر ان چیزوں سے رکنا ہے جو عام دنوں میں جائز ہیں۔روزہ اسلامی ارکان میں سے ایک اہم رکن ہے۔روزہ کی تکمیل کی بنیادی شرط یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی خاطر جائز خواہشات کو ترک کرنا۔روزہ صرف کھانے پینے سے رکنے کا نام نہیں ہے کیونکہ انسان کے بھوکا پیاسا رہنے کا خدا کو کچھ فائدہ نہیں ہوتا بلکہ اس کا فائدہ انسان کو ہی ہوتا ہے۔صوفیا نے بعد تجربہ کے یہ لکھا ہے کہ روحانیت میں ترقی کے لیے کم خوردن، کم خفتن اور کم گفتن بہت ضروری ہے یعنی کم کھانا، کم سونا اور کم بولنا۔اور روزہ دار کے لیے یہ کرنا آسان ہے تہجد کے نوافل کے لیے جاگتا ہے اور کم سوتا ہے۔تین چار دفعہ کی بجائے صرف دو دفعہ یعنی صبح وشام کھاتا ہے اور لوگوں سے کم باتیں کرتا ہے بلکہ تلاوت قرآن پاک زیادہ کرتا ہے۔**بیمار اور مسافر** کے لیے یہ ہے کہ وہ بعد کے دنوں میں اپنے روزے مکمل کرے۔**بڑی عمر کے لوگ یا مستقل بیماروں** کو فدیہ دینا چاہیے جو کہ ایک فرد کے کھانے کے برابر ہے اور اس کی شرح جماعت کی طرف سے ہر سال مقرر کردی جاتی ہے۔روزہ کے دوران کثرتِ استغفار کی تاکید بھی آتی ہے روزہ کے ذریعہ سے انسان کو نیکی کرنے کے لیے مشقت برداشت کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے

سیدالاستغفا:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِ کَ وَ وَعْدِ کَ ماَ اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْ ءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ وَ اَبُوْ ءُ لَکَ بِذَ نْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّ نُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ تو میرا رب ہے۔تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں حسبِ توفیق تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں۔میں اپنے عمل کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔میں تیری نعمتوں اور احسانوں کا اعتراف کرتا ہوں۔پس تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔یہ سیدالاستغفار ہے۔آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص دلی یقین اور توجہ کے ساتھ صبح یا شام کو یہ دعا اور پھر اس دن یا رات کو وفات پا جائے تو جنت میں داخل ہوگا۔ (بخاری۔کتاب الدعوات)

آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق رمضان کے تینوں عشرے ہی اہم ہیں۔پہلے حصہ میں رحمتِ خداوندی نازل ہوتی ہے اور دوسرے عشرے میں اس کی مغفرت سایا فگن ہوتی ہے اور آخری عشرہ میں آگ سے نجات ملتی ہے۔اور اس میں ایک رات وہ بھی آتی ہے جسے لیلۃ القدر کہا گیا ہے۔

بخاری میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کی آخری دس راتوں میں سے وتر راتوں میں لیلۃ القدر کی تلاش کرو۔پس ہمیں جملہ عبادات کا خیال رکھتے ہوئے روزے کی لوازمات کا خیال بھی رکھنا چاہیے مگر دنیا کے ہر مذہب کا یہ المیہ رہا ہے کہ وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ لوگ اس کی ماہیت کو بھول جاتے ہیں۔اس کی اصلیت سے ہٹنا شروع ہو جاتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ تقویٰ کو چھوڑ کر بدعات اور رسومات کے دروازے کھلنے لگتے ہیں۔مثلاً نجات اور بخشش کے متعلق عجیب غریب نظریات قائم ہو جاتے رہے چنانچہ عیسائیت بگڑی تو کفارے جیسے کھوکھلے عقیدے کے ساتھ نجات کو وابستہ کر دیا گیا۔اسی طرح جب مسلمان بگڑنے لگے تو کہیں پیروں فقیروں کے نذرانوں میں نجات بکنے لگی تو کہیں بہشتی دروازے سے بخشش وابستہ ہوگئی۔حالانکہ نجات تو محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے وابستہ ہے اور اس کا فضل کھینچنے کے لیے نیک اعمال اور عبادات میں دوام اختیار کرنا بہت ضروری ہے۔جب

انسان تقویٰ سے دور ہٹنے لگتا ہے تو پھر عبادات اور نیک اعمال بھی چھوڑنے لگتا ہے اور اس وقت وہ چاہتا ہے کہ بس الہ دین کا چراغ مل جائے جس کی بدولت بغیر عمل کیے بخشا بھی جائے اور اپنی نفسانی خواہشات کا غلام بھی بنا رہے۔ انہیں تصورات میں سے ایک غلط تصوّر جمعۃالوداع کا تصوّر ہے جو پیدا ہو گیا ہے کہ ایک بخشش اور مغفرت کا دن ہے۔ جو شخص بھی اس جمعہ میں حاضر ہو جائے خواہ سارا سال مسجد کا منہ نہ دیکھے وہ بخشا جائے گا۔ حالانکہ احادیث کا مطالعہ کریں تو وہاں کسی ایسے جمعۃالوداع کے متعلق اشارہ تک بھی نہیں ملتا۔ ہاں آخری عشرہ کی عبادات' اعتکاف اور جمعہ کی فضیلت اور برکات اور لیلۃ القدر کا ذکر ملتا ہے جسے دس دنوں میں چھپا دیا گیا ہے۔ (خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ 23 جنوری 98)

پس دعا اور عبادت کے ساتھ کوشش کرنی چاہیے۔ خدا کرے کہ لیلۃ القدر ہماری زندگیوں میں بار بار آئے اور ہر بار ہمارے لیے نئی رفعتوں نئی عظمتوں اور نئی سربلندیوں کے سامان لے کر آئے اور عرش سے فرشتے نازل ہو کر خدا تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کی بارش برسائیں۔ ہر طرف ہماری زندگیوں میں امید کی کلیاں چٹکیں اور گلہائے رنگا رنگ کھل کر ہمارے دلوں میں حقیقی سکون و اطمینان کے پُر بہار سماں پیدا کر دیں۔ پھر خدا ہو اور ہم ہوں اور ہماری روحیں یہ پکارا ٹھیں۔ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّ نْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِا لصَّا لِحِیْنَ۔ پس حجاب کے پردے سب اٹھ جائیں اور خدائے قدوس کا ایسا جلوہ نصیب ہو کہ وارے نیارے ہو جائیں اور ہماری عاقبت سنور جائے۔ اللہ تعالیٰ اس رمضان المبارک کی سب برکات سے ہم سب کو وافر حصہ عطا فرمائے اور ہمارے اندر وہ تقویٰ پیدا فرما دے جس کو وہ ہمارے اندر دیکھنا چاہتا ہے۔ آمین۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّ ھِیَ مَعَ الْبَسْمَلَۃِ سَبْعُ اٰیَاتٍ وَّ رُکُوْعٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝	۱۔ اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝	۲۔ تمام حمد اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝	۳۔ بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝	۴۔ جزا سزا کے دن کا مالک ہے۔
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝	۵۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے ہم مدد چاہتے ہیں۔
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝	۶۔ ہمیں سیدھے راستہ پر چلا۔
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	۷۔ ان لوگوں کے راستہ پر جن پر تُو نے انعام کیا۔
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع	جن پر غضب نہیں کیا گیا اور جو گمراہ نہیں ہوئے۔

عیدالفطر

(سرور مبارک مجلس نورستراند)

ماہ رمضان گزرنے پر کیم شوال کو افطار کرنے اور روزوں کی برکات حاصل کرنے کی توفیق پانے کی خوشی میں عیدالفطر منائی جاتی ہے۔ عید کے دن نہا کر عمدہ لباس پہنا جائے۔خوشبو لگائی جائے۔اچھا کھانا تیار کیا جائے۔عیدالفطر کی نماز کے لیے جانے سے پیشتر مساکین اور غرباء کے لیے فطرانہ ادا کیا جائے۔خود بھی کچھ کھا پی کر عید کی نماز کے لیے جائیں۔اس طرح عید کی نماز کے لیے آنے اور جانے کا راستہ مختلف ہو تو یہ مستحب ہے اور زیادہ ثواب کا موجب ہے۔ (ترمزی اَبواب العیدین۔فقہ احمدیہ ص178)

عید کا لفظ اردو،فارسی اور عربی زبان میں خوشی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔لیکن یہ محاورے کے معنی ہیں۔درحقیقت عید کا لفظ عود سے نکلا ہے۔اور عود کے معنی دوبارہ واپس آنے اور بار بار آنے والی چیز کے ہیں۔خوشی کے لیے یہ لفظ اس وجہ سے استعمال ہوتا ہے۔کہ خوشی ہی ایک ایسی چیز ہے کہ جس کے واسطے بار بار آنے کی خواہش ہوتی ہے۔ (خطبات محمود جلد اول ص33)

عید کے دن تحائف کا تبادلہ بھی ہوتا ہے۔بہتر ہے کہ امراء کو تحفے دینے کی بجائے کوئی ضرورت کی چیز غریب بھائیوں کو دے دیا کریں اس سے ایک تو بھائی چارے کی فضا پیدا ہوگی۔دوسرے آپ کے اس فعل سے خدا راضی ہوگا۔عید کے دن ایک دوسرے سے گلے ملنا اور عید کی مبارک باد کہنا ایک بہت ہی پیارا منظر پیش کرتا ہے۔عام طور پر عیدالفطر کو میٹھی عید کہا جاتا ہے۔سویاں پکتی ہیں۔حلوہ بنتا ہے۔کھیر اور شیر خورما بنتا ہے۔اور ایک دوسرے کے گھر بطور عید مبارک بھیجے جاتے ہیں عید پر بچوں کے تو وارے نیارے ہوتے ہیں سب سے پہلے تیار ہو کر امی ابا کو سلام کر کے عیدی اور دعائیں وصول کرتے ہیں پھر دوسرے رشتہ داروں کو ملتے ہیں۔یہ تو عید کا ایک عام رخ اب ہم اس طرف آتے ہیں کہ سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس طرف ہماری راہنمائی فرمائی ہے۔**آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ**”اُن کے لیے جو خدا کے عبد ہوں ہر روز عید کا روز ہوتا ہے اور دُنیا کی کوئی مصیبت ان پر اثر نہیں ڈال سکتی کیونکہ ان کو دل کا اطمینان حاصل ہوتا ہے۔لیکن وہ شخص جس کا دل دکھوں اور آفتوں میں گھرا ہوا ہو اور جس کا دل آفتوں کا شکار ہو وہ خواہ اچھے کپڑے پہن لے،اچھا کھانا کھالے،اس کے لیے کوئی عید نہیں ہے۔ان کے مقابلے میں خدا کے بندے ایسے مصائب جو دنیا کی کمر توڑ دینے والے ہوتے ہیں ان پر کوئی اثر نہیں کرتے۔ (خطبات محمود جلد اول ص47)

پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:”خوب یاد رکھو کہ جب تک وہ عید جو حقیقی عید ہے قریب لانے کی کوشش نہیں کی جاتی۔اس وقت تک یہ عید بھی کھلونا ہے۔حقیقی عید نہیں۔فاخرہ لباس اور خوشبو لگا کر خوش ہو جانا کسی کام کا نہیں۔جب تک دلوں میں حقیقی خوشی پیدا نہ ہو اور وہ پیدا نہیں ہو سکتی۔جب تک دین کی خدمت نہ کرو۔اور اس کے واسطے سچی قربانی نہ کرو۔“ (خطبات محمود جلد اول ص39)

اللہ تعالیٰ ہماری جماعت کو قربانی کی توفیق دے تا عید ان کے لیے حقیقی خوشی اور سچی عید ہو۔

حضرت سیّدہ سرور سلطان صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(بلقیس اختر مجلس نور)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تحریر فرمایا کہ: ''پھر خدائے کریم جلشانہ نے مجھے بشارت دے کر کہا کہ تیرا گھر برکت سے بھرے گا اور میں اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کروں گا اور خواتین مبارکہ سے جن میں سے تُو بعض کو پائے گا تیری نسل بہت ہو گی اور میں تیری ذریّت کو بہت بڑھاؤں گا اور برکت دوں گا۔'' (مجموعہ اشتہارات جلد اوّل ص۔102)

یہ اشتہار کافی لمبا ہے لیکن میں نے اس مضمون کو لکھنے کے لیے اس کے صرف ایک حصہ کو لیا ہے جو یہ کہ ''اور **خواتین مبارکہ** سے جن سے تُو بعض کو پائے گا تیری نسل بہت ہو گی اور میں تیری ذریّت کو بہت بڑھاؤں گا اور برکت دوں گا۔'' سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خاندان میں مبارک خواتین میں سے پہلا نام حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا آتا ہے۔ پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادیوں حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اور حضرت امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام ہے۔ پھر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بہوؤں کا نام آتا ہے جن کے بطن سے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسل چلی۔ ان مبارک ہستیوں میں سے ایک نام ''حضرت سیّدہ سرور سلطان صاحبہ'' کا ہے جو کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منجھلے صاحبزادے حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہلیہ تھیں۔ جنہیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بہو بننے کی سعادت ملی اور جماعت میں ''اُمّ مظفر'' کے نام سے بھی جانی جاتی ہیں۔

حضرت سیّدہ سرور سلطان صاحبہ کا تعلق پشاور کے ایک مخلص خاندان سے تھا جس کے سربراہ حضرت مولوی غلام حسن نیازی صاحب تھے جنہیں 17 مئی 1890ء میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت کی توفیق ملی گویا آپ کا شمار 313 صحابہ میں سے ہوتا ہے۔ آپؓ کا ذکر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ السلام نے اپنی کتاب ''ازالہ اوہام'' میں اس طرح کیا۔ "مولوی غلام حسن صاحب پشاوری اس وقت لدھیانہ میں میرے پاس موجود ہیں محض ملاقات کی غرض سے پشاور سے تشریف لائے ہیں۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ وفادار اور مخلص ہیں اور لَایَخَافُوْنَ لَوْمَۃَ لَآئِمٍ میں داخل ہیں۔ جوش ہمدردی کی راہ سے دو روپے ہی ماہواری چندہ دیتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ وہ بہت جلد للّٰہی راہوں اور دینی معارف میں ترقی کریں گے کیونکہ فطرت نورانی رکھتے ہیں'' (ازالہ اوہام حصہ دوم صفحہ 540)

اسی نیک فطرت کے باعث حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دوسرے بیٹے حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رشتہ آپؓ کی صاحبزادی کے لیے بھجواتے ہوئے فرمایا: ''آج تک میرے دل میں تھا کہ بشیر احمد اپنے درمیانے لڑکے کے لیے تحریک کراؤں جس کی عمر 10 برس کی ہے اور صحت اور متانت و مزاج اور ہر ایک بات میں اس کے آثار اچھے معلوم ہوتے ہیں اور آپ کی تحریر کے موافق، عمریں بھی باہم ملتی ہیں اس لیے یہ خط آپ کو لکھتا ہوں اور میں قریب ایام میں اس بارہ میں استخارہ بھی کروں گا اور بصورت رضا مندی یہ ضروری ہو گا کہ ہمارے خاندان کے طریق کے موافق آپ لڑکی کو ضروریات علمِ دین سے مطلع فرمائیں اور اس قدر علم ہو کہ قرآن شریف باترجمہ پڑھ لے، نماز اور روزہ زکوٰۃ اور حج کے مسائل سے باخبر ہو باآسانی خط لکھ سکے اور پڑھ سکے اور لڑکی کے نام سے مطلع فرمادیں اور اس خط کے جواب سے اطلاع بخشیں۔'' نیز آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی فرمایا: ''چونکہ دونوں کی عمریں چھوٹی ہیں تین برس تک شادی میں توقف ہو گا۔'' (سیرۃ حضرت اُمّ مظفر صفحہ نمبر:3)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خط ملتے ہی حضرت مولوی غلام حسن صاحبؓ نے اپنی بیٹی کے اتنے اعلیٰ اور متعبر خاندان میں رشتہ کے خط کو اپنی سعادت سمجھا اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں اپنی رضامندی کا خط لکھ دیا۔ اور 12 ستمبر 1902ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کا نکاح حضرت سیّدہ سرور سلطان صاحبہ سے پڑھایا۔ اور 10 مئی 1906 کو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام، صاحبزادہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور دیگر احباب کے ہمراہ قادیان سے پشاور پہنچے اور دلہن کو لے کر 16 مئی کو قادیان واپس آگئے۔ قادیان اور پشاور کا ماحول اور رہن سہن ایک دوسرے سے بالکل مختلف تھے کچھ آپ کی عمر بھی چھوٹی تھی لیکن حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے

آپ پر اپنی محبتوں اور شفقتوں کی بارش کر دی کیونکہ انہیں علم تھا کہ سیدہ سرور سلطان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نیک نسل نے جنم لینا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی گو کہ کم عمری میں ہو گئی تھی لیکن آپ نے انتہائی سمجھ بوجھ سے اس رشتہ کو نبھایا۔

حضرت نواب مبارکہ بیگم رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: ''جب حضرت میاں بشیر احمد صاحب کی شادی ہوئی تو آج کل کی پود کو دیکھتے ہوئے بچہ ہی تھے۔ مگر بہت سنجیدگی اور وقار سے وہ پہلے پہل دن بھی گزارے۔ کوئی ناپختگی یا بچپن کی علامت لڑائی جھگڑا کسی قسم کی کوئی بات میں نے نہیں دیکھی۔ منجھلی بھابھی بیاہ کر آئیں تو نہ معاشرت نہ طور طریق نہ وضع نہ لباس نہ زبان کچھ بھی مشترک نہ تھا۔ پھر نادان کم عمر تھیں اگر وہ تعلقات بگاڑنے والے ہوتے تو بگڑ سکتے تھے مگر ایسی خوش اسلوبی سے نبھایا کہ ایسے نمونے مشکل سے ہی ملتے ہیں'' (حضرت اُمّ مظفرؓ صفحہ: 6-5)

حضرت سیّدہ سرور سلطان رضی اللہ تعالیٰ عنہا انتہائی صفائی پسند تھیں اور دوسروں سے بھی یہی توقع رکھتی تھیں۔ حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان کی صفائی پسند طبیعت کے پیشِ نظر کہا کرتی تھیں کہ ''سرور سلطان کو وہم کی حد تک صفائی پسند ہے۔'' آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا گھر بستر، برتنوں، باورچی خانہ، یہاں تک کہ گھر کے کونے کونے کی صفائی کا خاص خیال رکھتیں۔ سیر کرنا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بہت پسند تھا اور باقاعدگی سے سیر کے لیے جایا کرتی تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے شوہر کا بہت خیال رکھتیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے صاحبزادے **مرزا مظفر احمد صاحب آپ** رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی **سیرت کا ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے گہری عقیدت اور احترام کا تعلق تھا۔ صبح کے ناشتے اور دوسرے کاموں سے فارغ ہو کر جب ابا جان دفتر چلے جاتے اور بچے سکول تو ان کا تقریباً معمول تھا کہ دوپہر کے کھانے تک حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکیزہ صحبت میں وقت گزارتیں۔ حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمایا کرتی تھیں میرے دل میں سرور سلطان کی بہت قدر ہے یہ میرے بیٹے کا بہت خیال رکھتی ہیں۔'' (خدیجہ شمارہ 1-2013ء لجنہ اماء اللہ جرمنی صفحہ: 193)

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جلسہ سالانہ کے ایام میں مستورات کے جلسہ کے انتظامات کے حوالے سے حضرت اماں جان رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت اُمّ ناصر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ مل کر مہمانوں کی خدمت کرتیں۔ جب لوائے احمدیت کے لیے سوت کاتا گیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس میں شامل تھیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا طرز تحریر بہت عمدہ تھا۔

روزنامہ الفضل کے ''خاتم النبیین'' نمبر میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مندرجہ ذیل مضامین شائع ہوئے:

۱۔ رسول کریم ﷺ سے صحابیات کا اخلاص

۲۔ تربیت اطفال کے متعلق نبی کریم ﷺ کی اصولی تعلیم

۳۔ نبی کریم ﷺ کی شادیاں آپ کے کمال کا ثبوت ہیں۔

